www.KitaboSunnat.com

(۵)

نام کتاب ایک لمحۂ فکریہ

تالیف عبدالحمید صدیقی و نعیم صدیقی

قیمت ۴۰ پیسے

صفحات ۴۰

ناشر مکتبہ معاویہ، ۱۱/۴ بی ون ایریا، لیاقت آباد کراچی نمبر ۱۹

اعلان تاشقند کے بعد مایوس کن فضا میں حزبِ اختلاف نے لاہور میں نیشنل کانفرنس بلائی تھی جس میں مشرقی و مغربی پاکستان کے آٹھ سو مندوبین نے شرکت کی تھی۔ اس کانفرنس میں جناب نعیم صدیقی نے فکر انگیز تقریر کی تھی کہ جذبات کے ساتھ ساتھ ٹھنڈے دل سے حالات کا جائزہ لیا جائے۔ ان کی یہ تقریر بے حد پسند کی گئی تھی۔ مارچ ۱۹۶۶ء میں عبدالحمید صاحب نے "ترجمان القرآن" میں کانفرس اور حالات کا تجزیہ کیا تھا۔ مکتبہ معاویہ نے افادۂ عام کی خاطر نعیم صدیقی صاحب کی تقریر اور عبدالحمید صاحب کا مقالہ یکجا شائع کیا ہے۔

آج بنگلہ دیش کی منظوری کے بعد ہمارے ملک کی سیاسی فضا میں وہی ہیجان اور رکھپاؤ پایا جاتا ہے جو معاہدہ تاشقند کے بعد تھا۔ ان حالات میں یہ کتابچہ اہل علم و نظر کے لیے واقعی ایک لمحۂ فکریہ ہے۔

(۶)

نام کتاب رجب کے کونڈوں کی حقیقت

صفحات ۳۲

قیمت ۴۰ پیسے

ناشر مکتبہ معاویہ ۱۱/۴ بی۔ ون ایریا لیاقت آباد کراچی ۔ ۱۹

بعض نادان اہل سنت میں یہ رسم ہے کہ ۲۱ رجب کی شب کو میدہ، شکر اور دودھ گھی وغیرہ ملا کر ٹکیاں پکائی جاتی ہیں اور ان ٹکیوں پر امام جعفر صادق رحمہ کی فاتحہ پڑھی جاتی ہے اور ۲۲ رجب کی صبح عزیز و اقارب کو بلا کر کھلائی جاتی ہیں اس رسم سے مقصود یہ ہے کہ اس طرح حاجات حل ہو جاتی ہیں۔

زیر نظر کتابچہ میں بتایا گیا ہے کہ یہ ایک بدعت ہے اور دشمنانِ صحابہؓ نے اسے رائج کیا ہے۔ ۲۲ رجب حضرت امیر معاویہؓ کا یوم وفات ہے اور دشمنانِ صحابہؓ کونڈوں کا اہتمام کر کے درحقیقت خوشی مناتے ہیں جس میں نادان اہل سنت بھی شامل ہو جاتے ہیں۔

کتابچہ کے آغاز میں علمائے اہل سنت کے فتاویٰ شامل ہیں جنہوں نے اس رسم کو بدعت قرار دیا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ